# DIRECTORATE OF EDUCATION, GNCT of DELHI.

## MID TERM PRACTICE QUESTION PAPER

Session : 2025-26.
Class : VIII
Subject : Urdu-I

Time : 2:30 hrs. M.M: 60

عام ہدایات۔

1- سبھی سوالات لازمی ہیں۔

2- ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

3- جواب تحریر کرتے وقت خوشخط اور صفائی کا خاص خیال رکھیں۔

1- درج ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق دیئے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے درست جواب تلاش کر کے لکھیے۔ 5x1=5.

"گینٹ ایک سمندری چڑیا ہے۔ بہت سی دوسری سمندری چڑیوں کی طرح گینٹ کی خوراک مچھلی ہے۔ اپنی خوراک کو وہ پانی میں غوطہ لگا کر حاصل کرتی ہے۔ گینٹ کا غوطہ لگانے کا طریقہ حیرت انگیز ہے۔ یہ پانی کی سطح سے پچاس فٹ سے اوپر تک کی اڑان بھرتی ہے پھر اچانک اپنے پروں کو بند کر کے سیدھی نیچے آتی ہے اور پانی کی سطح سے ٹکرا کر اس میں غائب ہو جاتی ہے۔"

(i) گینٹ کیا ہے؟

(a) ایک پہاڑی جانور (b) ایک جنگلی جانور
(c) ایک سمندری چڑیا (d) ایک پالتو چڑیا۔

(ii) گینٹ کی خوراک کیا ہے؟

(a) گوشت (b) سبزی (c) ہری پتیاں (d) مچھلی

(iii) خوراک حاصل کرنے کے لیے گینٹ کیا کرتی ہے؟

(a) تیرتی ہے۔ (b) غوطہ لگاتی ہے۔ (c) ڈبکی لگاتی ہے (d) ہوا میں اڑتی ہے۔

(iv) گینٹ کا کون سا طریقہ حیرت انگیز ہے؟

(a) اڑان بھرنے کا (b) گھر بنانے کا (c) دوڑنے کا (d) غوطہ لگانے کا۔

(v) گینٹ کہاں غائب ہو جاتی ہے؟

(a) پانی میں (b) آسمان میں (c) جھاڑیوں میں (d) جنگل میں۔

2- درج ذیل نظم درسی شعری حصے کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ 5x1=5

برسات کی رات تھی اندھیری
کچھ نیند اُچٹ گئی تھی میری

پانی برس کے کھل گیا تھا۔
گلشن کا غبار دھل گیا تھا۔

بیدار تھی باغ میں اکیلی
پھولوں سے لدی ہوئی چنبیلی

اتنے میں جو دھوم چلی ہوا کی۔
قسمت ہی چمک گئی فضا کی

ہونے لگی جگنوؤں کی بارش
فطرت کے جمال کی تراوش۔

(i) برسات کی رات کیسی تھی؟

(a) ڈراونی (b) کالی (c) اندھیری (d) چمکیلی

(ii) کس کا غبار دھل گیا تھا؟

(a) درختوں کا (b) پھولوں کا (c) راستوں کا (d) گلشن کا

(iii) کس کی قسمت چمک گئی؟

(a) فضا کی (b) ہوا کی (c) باغوں کی (d) پھولوں کی۔

(iv) چنبیلی کس چیز سے لدی ہوئی تھی؟

(a) پھولوں سے (b) چڑیوں سے (c) پودوں سے (d) جگنوؤں سے

(v) کس چیز کی بارش ہونے لگی؟

(a) فضا کی (b) جگنوؤں کی (c) ہوا کی (d) باغوں کی۔

3- درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق دیئے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے درست جواب تلاش کر کے لکھیے۔ 5x1=5

اُترپردیش کی راجدھانی لکھنؤ میں گومتی کے کنارے ایک ہرا بھرا پارک ہے۔ جسے حضرت محل پارک کہا جاتا ہے۔ انگریزوں نے اس مقام کو اپنی فتح کی یادگار قرار دیتے ہوئے وکٹوریہ پارک کہا تھا اور جس جگہ سنگِ مرمر کے گنبد کے نیچے اودھ کی سلطنت کا طغرا نصب ہے ایک زمانے میں انگلستان کی ملکہ وکٹوریہ کا ایک حسین مجسمہ لگا ہوا تھا۔ چاہیئے تو یہ تھا کہ وکٹوریہ کے مجسمے کی جگہ ہندوستان کی اُس اولوالعزم ملکہ کا مجسمہ ہی نصب کیا جاتا جس کے نام نامی سے یہ پارک منسوب ہے۔

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(a) ابنِ انشا جرمنی میں (b) ایک مزے دار کہانی۔

(c) جی آپا صاحب (d) حضرت محل

(3)

(ii) اُتر پردیش کی راجدھانی کیا ہے؟

(a) دہلی (b) ممبئی (c) لکھنؤ (d) آگرہ

(iii) گومتی کے کنارے ہرا بھرا پارک کون سا ہے؟

(a) لال محل (b) تاج محل (c) حضرت محل (d) ممتاز محل

(iv) وکٹوریا کہاں کی ملکہ تھیں؟

(a) امریکہ (b) انگلستان (c) جاپان (d) چین

(v) اودھ کی سلطنت کا طغرا کہاں نصب ہے؟

(a) گنبد کے نیچے (b) چھت کے نیچے

(c) زمین کے نیچے (d) دیوار کے نیچے

4- درج ذیل شعری حصے کو غور سے پڑھ کر اُس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے

5x1 = 5

کیا یہ تارے ہیں زمیں پر جو اُتر آئے ہیں
یا وہ موتی ہیں کہ جو چاند نے برسائے ہیں
کیا وہ ہیرے ہیں جو صحرا نے پڑے پائے ہیں

نہ بہت دور پہنچ جائے مری بات کہیں
اپنے آنسو تو نہیں بھول گئی رات کہیں

یہ کہانی بھی سنائی ہے زمیں نے اکثر
کہکشاں جاتی ہے جب پچھلے پہر اپنے گھر
چھلکتی جاتی ہے ہنستی ہوئی لاکھوں گوہر

(i) درج بالا شعری حصہ کس نظم سے لیا گیا ہے؟

(a) شبنم (b) ماں کا خواب (c) لو پھر بسنت آئی (d) دیوالی کے دیپ جلے

(ii) چاند نے کیا برسائے ہیں؟

(a) تارے (b) روشنی (c) موتی (d) اوس

(iii) شاعر کے مطابق زمیں پر کیا اُتر آئے ہیں؟

(a) بادل (b) چاند (c) سورج (d) تارے

(iv) کہانی کون سنا رہا ہے؟

(a) خورشید (b) گوہر (c) زمیں (d) صحرا

(v) لفظ "رات" کا متضاد بتایئے؟

(a) صبح (b) شام (c) نور (d) دن

5 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 150 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ 5

(الف) تعلیم کی اہمیت (ب) پسندیدہ شخصیت (ج) 15 اگست

6 - شادی کی تقریب میں شرکت کے لیے پرنسپل صاحب کے نام چھٹی کی درخواست لکھیے۔ 5

یا

اپنے دوست کو خط لکھ کر دہلی کی سیر کی دعوت دیجیے۔

7 - دی ہوئی ہدایات کے مطابق درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔ 5x2=10

(i) درج ذیل الفاظ میں سے صرف چار کے متضاد لکھیے۔

توازن - احساس کمتری - موقع - سکون - اعتماد

(ii) "وسیم کھانا کھا رہا ہے" اس جملے میں کون سا فعل ہے؟

(فعل ماضی، فعل حال، فعل مستقبل)

(iii) درج ذیل محاوروں میں سے صرف دو کو جملوں میں استعمال کیجیے۔

نو دو گیارہ ہونا - آگ بگولہ ہونا - بیزار ہونا۔

(iv) لفظ یا جملوں کو جوڑنے والے لفظ کو ____ کہتے ہیں۔

(حرف عطف / حرف ربط)

(v) آرام گاہ کیا ہے؟ (سابقہ / مرکب الفاظ / لاحقہ)

8 - نیچے دیئے گئے سوالات میں سے صرف تین سوالوں کے جواب لکھیے۔ 3x3=9

(i) ڈاکٹروں نے قاسم کے زخم کے بارے میں کیا رائے دی؟

(ii) ابن انشا نے کنگھا خریدنے کے لیے کیا کیا اشارے کیے؟

(iii) آتربق کن خوبیوں کے مالک تھے؟

(iv) بڑی بی کو نذر میں تھیلیاں کیوں ملیں؟

9 - نیچے دیئے گئے سوالات میں سے صرف تین سوالوں کے جواب لکھیے۔ 3x2=6

(i) چراغ کی لویں دنیا سے کیا کہہ رہی ہیں؟

(ii) ماں کی بے قراری کا سبب کیا تھا؟

(iii) دھانی آنچل کے لہرانے سے کیا مراد ہے؟

(iv) شبنم کے علاوہ اور کس کس کو اپنا وطن پیارا ہے؟

5×1=5

۱۵۔ صحیح جملوں پر (✓) کا نشان اور غلط جملوں پر (✗) کا نشان لگائیے۔

(i) برتن صاف کرتے وقت یہ لڑکا کچھ گنگنا رہا تھا۔ ( )

(ii) سینہ کا طوفان ہزار بند باندھنے پر بھی نہ رکا۔ ( )

(iii) اچانک قلمدان کے پاس قاسم کو ایک کھلا ہوا چاقو نظر آیا۔ ( )

(iv) قاسم ہنستا ہوا کمرے سے باہر چلا گیا۔ ( )

(v) آقا کی بیوی زنان خانے میں بیٹھی کپڑے دھو رہی تھیں۔ ( )

—x—x—